سپریم کورٹ آزاد جموں وکشمیر مظفر آباد

☆☆☆

دفتری حکم نامہ۔

سپریم کورٹ آزاد جموں وکشمیر میں آٹومیشن/کمپیوٹرائزیشن کا عمل زیر کار ہے۔اور نئے دائر ہونے والے مقدمات کو بھی آٹومیشن کا حصہ بنایا جا رہا ہے۔لہذا تمام وکلاء صاحبان سپریم کورٹ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ بوقت دائری مقدمات، ٹائپ شدہ پٹیشن/ اپیل کی سافٹ کاپی بذریعہ e-mail سپریم کورٹ کے ای میل ایڈریس (info@ajksupremecourt.gok.pk) یا بذریعہ Flash Drive / USB متعلقہ رجسٹری سیکشن میں کیس کے ہمراہ جمع کروائیں تاکہ آٹومیشن کا عمل بطریقِ احسن چل سکے۔نیز مشاہدے میں آیا ہے کہ بعض اوقات مصدقہ نقولات کے حصول یا مقدمات میں تاریخ کی جانچ/پڑتال کے لیے جونیئر کونسل یا کلرک کونسل پیش ہوتے ہیں جو کہ تحت ضابطہ پیش ہونے کا اختیار نہیں رکھتے۔

لہذا حسبِ ہدایت مجاز اتھارٹی تمام وکلاء صاحبان سپریم کورٹ کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ بوقت دائری مقدمات،نقولات کے حصول یا کسی بھی حوالہ سے مقدمات میں آگاہی کے لیے متعلقہ وکیل یا متعلقہ فریق کا ہونا ضروری ہوگا۔جونیئر کونسل،کلرک کونسل یا غیر متعلقہ فریق کی حاضری قابل قبول نہ ہوگی۔اس نسبت سپریم کورٹ رولز 1978ء کو ملحوظ خاطر رکھا جائے۔

اسسٹنٹ رجسٹرار (انتظامیہ)

نمبرس ک/81-9978/2024 مورخہ 08/08/2024

نقل بالا بخدمت۔

1۔ ڈپٹی رجسٹرار صاحب سپریم کورٹ سرکٹ میر پور برائے اطلاع وعملدرآمد۔
2۔ اسسٹنٹ رجسٹرار صاحب سپریم کورٹ سرکٹ راولاکوٹ برائے اطلاع وعملدرآمد۔
3۔ صدر صاحب سپریم کورٹ بار آزاد کشمیر برائے اطلاع وآگاہی وکلاء صاحبان۔
4۔ آفس فائل۔

اسسٹنٹ رجسٹرار (انتظامیہ)
سپریم کورٹ آزاد جموں وکشمیر
مظفر آباد